سوال

(362) میت کی طرف سے ثواب کی خاطر کھانا کھلانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کی طرف سے رشتہ دار یا غیر رشتہ دار صدقہ خیرات کریں مثلاً کوئی دن متعین کر کے کھانا کھلانا، قرآن خوانی کے ذریعہ ثواب پہنچانا وغیرہ کیا یہ جائز ہے یا ناجائز اگر کوئی انسان مذکورہ قسم کا کھانا کھا لے تو اس پر کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کی طرف سے صدقہ کرنا درست ہے اس کا ثواب بھی میت کو پہنچتا ہے جیسا صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حضرت سعد والی حدیث سے واضح ہے البتہ اس صدقہ کے دن اور وقت کا تعین کسی حدیث یا آیت سے ثابت نہیں اسی طرح اس صدقہ پر رشتہ داروں اور دوسرے لوگوں کو جمع کرنا یا ان کا جمع ہونا بھی کسی آیت یا حدیث سے ثابت نہیں میت کی طرف سے قرآن خوانی بھی ثابت نہیں اس لیے ایسے اجتماعات میں شمولیت جائز نہیں کیونکہ اس طرح غیر ثابت امور کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے جبکہ ایسے امور کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

جنازے کے مسائل ج1ص 264

محدث فتویٰ